پریس ریلیز

گوجرانوالہ چیمبر میں ایپسیٹا وفد کی آمد، نو منتخب باڈی کو مبارکباد

گوجرانوالہ: آل پاکستان اسٹینلیس اسٹیل امپورٹرز اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن (ایپسیٹا) کے مرکزی قائدین اور "بڑاگلا" کی تاجر برادری نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا اور نو منتخب صدر شیخ غلام حسین جج، سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل اور پوری کابینہ کو شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کی۔

وفد کی قیادت چیئرمین ایپسیٹا سلمان قادر پھلروان، سینئر وائس چیئرمین عابد منیر اور ایگزیکٹو ممبر ملک جمیل نے کی، جبکہ وفد میں رانا آفتاب، عثمان کمبوہ، عبداللہ کمبوہ، عمران کمبوہ اور دیگر اہم عہدیداران شامل تھے۔

تقریب سے گفتگو کرتے ہوئے ایپسیٹا قائدین نے کہا کہ سابق چیئرمین ایپسیٹا شیخ غلام حسین جج کا صدر چیمبر منتخب ہونا پوری اسٹیل انڈسٹری کے لیے باعثِ فخر و مسرت ہے۔ انہوں نے چارج سنبھالتے ہی چیمبر میں میزان بینک کاؤنٹر کے فوری قیام جیسے انقلابی اقدام پر نو منتخب صدر کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا۔

اس موقع پر چیئرمین بزنس گروپ و سابق صدر چیمبر رانا ناصر محمود، سابق صدر میاں عمر سلیم، سابق چیئرمین جی ڈی اے و رہنماء بزنس گروپ عامر رحمان، نیئر جمیل بھٹی اور دیگر سینئر رہنماؤں کی موجودگی میں نو منتخب صدر شیخ غلام حسین جج نے وفد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ایسوسی ایشن کی بے لوث حمایت، اخلاص اور محبت کے بغیر یہ تاریخی کامیابی ممکن نہ تھی۔ انہوں نے واضح کیا کہ ہماری جیت گوجرانوالہ کے ہر تاجر کی جیت ہے۔ بزنس گروپ کا منشور صرف اور صرف چیمبر اراکین کے لیے آسانیاں پیدا کرنا اور ان کی عزتِ نفس کی حفاظت کرنا ہے، جسے ان شاء اللہ ہر قیمت پر برقرار رکھا جائے گا۔

PRESS RELEASE

APSSITA Delegation Visits Gujranwala Chamber, Congratulates Newly Elected Leadership

GUJRANWALA: A prominent delegation representing the central leadership of the All Pakistan Stainless Steel Importers and Traders Association (APSSITA), accompanied by the business community of "Bara Gala", visited the Gujranwala Chamber of Commerce and Industry (GCCI) to formally felicitate newly elected President Sheikh Ghulam Hussain Judge, Senior Vice President Muhammad Arshad Mughal, and the entire executive cabinet on their resounding electoral victory.

The visiting delegation was led by Chairman APSSITA Salman Qadir Phularwan, Senior Vice Chairman Abid Muneer, and Executive Member Malik Jameel, along with key office-bearers including Rana Aftab, Usman Kamboh, Abdullah Kamboh, Imran Kamboh, among others.

Speaking on the occasion, the leaders of APSSITA expressed immense pride, remarking that the elevation of former APSSITA Chairman Sheikh Ghulam Hussain Judge to the presidency of GCCI is a matter of profound honor for the entire steel sector. They also highly commended his swift and proactive initiative to establish a dedicated Meezan Bank counter within the Chamber immediately upon assuming charge.

In the presence of Chairman Business Group and former President GCCI Rana Nasir Mahmood, former President Mian Umar Saleem, former Chairman GDA & Business Group Leader Amir Rehman, Nayyar Jameel Bhatti, and other senior leaders, newly elected President Sheikh Ghulam Hussain Judge extended sincere gratitude to the delegation. He acknowledged that this milestone victory would not have been possible without the unwavering support, dedication, and trust of the association. He reiterated that this success belongs to every trader and industrialist of Gujranwala, emphasizing that the core manifesto of the Business Group remains the facilitation of Chamber members and the steadfast safeguarding of their dignity at all costs.